سوال

(210)چہلم وغیرہ کا کھانا حرام ہے یا مکروہ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم سوم چہلم وغیرہ میں شرکت نہیں کرتے۔ بعض اوقات ان رسومات پر تقسیم شدہ کھانا گھر میں آتا ہے۔ کیا اسے پھینک دیں یا کھا سکتے ہیں؟ اس کا کھانا حرام ہے یا مکروہ؟ اس صورت میں کہ ایسی محافل کی حوصلہ افزائی کا کسی قسم کا شائبہ تک موجود نہ ہو۔ (سائل: محمد علی شاہ، لاہور) (۳۱ مئی ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کھانا جانوروں کو کھلا دیا جائے۔ اس کا خود کھانا کراہت سے خالی نہیں۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:221

محدث فتویٰ